# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

## نوٹیفکیشن

مراسلہ نمبر: 560۔رجسٹریشن — مورخہ: 07 اکتوبر۔2025ء

برائے پرائیویٹ/ریگولر طلباء وطالبات

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (گورنمنٹ/پرائیویٹ)

الحاق شدہ لاہور بورڈ

**عنوان: طلباء/طالبات کا ادارہ جات (Institutions) میں دوبارہ داخلہ (Re-Admission) برائے جماعت گیارہویں (Class XI) تعلیمی سیشن 2025 تا 2027ء**

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور کی طرف سے جماعت گیارہویں (Class XI) تعلیمی سیشن 2025 تا 2027ء میں تمام سرکاری اور پرائیویٹ الحاق شدہ ادارہ جات (Institutions) میں طلباء/طالبات کے دوبارہ داخلہ (Re-Admission) کا درج ذیل شیڈول جاری کیا جارہا ہے۔ سربراہان ادارہ جات کو ہدایات کی جاتی ہے کہ شیڈول کے مطابق دوبارہ داخلہ (Re-Admission) کا عمل مکمل فرمائیں۔

| سیریل نمبر | شیڈول | دوبارہ داخل (Re-Admit) کیے گئے طلباء/طالبات کا ڈیٹا آن لائن کر کے بینک میں مجوزہ فیس جمع کروانے کے بعد (Re-Admission) فارم کی ہارڈ کاپی ہمراہ جمع کروائی گئی فیس کا اصل بینک چالان دفتر جمع کروانے کی حتمی تواریخ |
|---|---|---|
| 1- | دوبارہ داخلہ برائے جماعت گیارہویں (Class XI) بغیر لیٹ فیس مبلغ -/1500 روپے فی طالب علم/طالبہ | 20 اکتوبر 2025 تا 18 نومبر 2025 |
| 2- | دوبارہ داخلہ برائے جماعت گیارہویں (Class XI) فیس مبلغ -/1500 روپے کے علاوہ مبلغ -/500 روپے یومیہ جرمانہ فی طالب علم/طالبہ | 19 نومبر 2025 سے انٹرمیڈیٹ (پہلا سالانہ) امتحان 2026 کے امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ شیڈول کی تین گنا (Tripple fee) کی آخری تاریخ تک |

### ﴿ہدایات﴾

تمام ادارہ جات کے سربراہان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ طلباء/طالبات کے ری ایڈمیشن (Re-Admission) کے سلسلہ میں بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود رہنمائی کتابچہ میں تحریر کردہ طریقہ کار پر عمل درآمد یقینی بنائیں۔ نیز ری ایڈمیشن فارم کی ہارڈ کاپی اور بینک میں جمع کروائی گئی فیس کا اصل بینک چالان (دونوں) ہی درج بالا شیڈول کے اندر دفتر ہذا کے آر اینڈ ڈی سیکشن میں جمع کروانا لازمی ہے یا بذریعہ پوسٹل ڈاک/کوریئر مقررہ شیڈول کے مطابق دفتر کو ارسال فرمائیں۔ تاخیر کی صورت میں شیڈول کے مطابق جرمانہ عائد ہوگا۔ جس کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی تاہم امتحانی داخلہ فارم جاری شیڈول کے مطابق ہی جمع ہوگا واضح رہے کہ ری ایڈمیشن کا عمل مکمل ہونے کے بعد ری ایڈمیشن منسوخ نہیں کیا جائے گا۔

نوٹ:۔ ری ایڈمیشن کے سلسلہ میں طلباء وطالبات مزید رہنمائی کے لیے رجسٹریشن برانچ کمرہ نمبر 110 سے رجوع فرمائیں۔ نیز مذکورہ امتحان کے پاس اُمیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) ری ایڈمیشن کے حصول کے لیے رزلٹ کی منسوخی کی معلومات/رہنمائی کے لیے کمرہ نمبر 201 انٹر ٹیبولیشن برانچ سے رجوع فرمائیں۔ دوبارہ تاکید کی جاتی ہے کہ ری ایڈمیشن فارم کی ہارڈ کاپی ہرگز بینک میں جمع نہ کروائیں۔

سیکرٹری